# 08-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ رائزنگ ویژن وکست بھارت ویژن سے قریب۔گورنر جشنو دیو ورما کے ہاتھوں گلوبل سمٹ کا افتتاح۔کہا پائیدار، واضح پالیسی سرمایہ کاروں کوراغب کرے گی۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی تلنگانہ کے ترقی کے سفر میں سرمایہ کاری کرنے عالمی ممالک کے صنعتکاروں سے خواہش۔

۳۔وزیراعظم نے لوک سبھا میں مباحث کا آغاز کرتے ہوئے کہا وندے ماترم گیت نے ملک کوقوت اور تحریک بخشی اورتحریکِ آزادی میں جوش پیدا کیا۔

اور

۴۔وزیرشہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے راجیہ سبھا میں کہا انڈیگوطیاروں کے بحران کے نتائج پر حکومت سخت کارروائی کرے گی۔

Doordarshan

وزیراعظم نریندرمودی نے دوردرشن پرنشر کیے جانے والے سوپرابھاتم پروگرام کی ستائش کی۔انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ پروگرام صبح کے وقت ایک پُرجوش احساس پیدا کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس میں یوگا سے لے کر ہندوستانی طرزِ زندگی تک مختلف موضوعات پر بات کی گئی ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ پروگرام ہندوستانی روایات اوراقدار پر مبنی علم،الہام کا ایک شاندار سنگم ہے۔وزیراعظم نے اِس پروگرام میں سنسکرت سبھاشیتا کے خصوصی حصہ کا ذکر کیا جو ہندوستانی ثقافت اور ورثہ کے بارے میں ایک نئی بیداری پیدا کرتا ہے۔آدھے گھنٹہ کا یہ پروگرام پیر سے جمعہ تک روزانہ صبح سات بجے ڈی ڈی نیوز پرنشر کیا جاتا ہے۔

Budh Bhawan

جنوبی ایشیائی ممالک کے سفیروں نے تلنگانہ حکومت کی جانب سے ناگرجنا ساگر میں تعمیر کردہ بدھاوَنم تھیم پارک کو متاثر کن قرار دیا۔ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں شرکت کیلئے آنے والے مختلف ممالک کے وفد نے آج بدھاوَنم کا دورہ کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے دھیان مندر میں دھیانم میں حصہ لیا۔

Fact Check

شہریوں کیلئے ای۔پین کارڈ ڈاؤن لوڈ کر لینے کا حکومت کی جانب سے مشورہ دینے سے متعلق پھیلائی جانے والی اطلاعات کو حکومت نے مسترد کردیا۔ پریس انفارمیشن بیورو فیک چک یونٹ نے اس میل کو فرضی قرار دیا۔ یونٹ نے مشورہ دیا کہ مالی لین دین، حساس معلومات روانہ کرنے کی خواہش کرتے ہوئے روانہ کردہ ای میل، لنکس، فون کالس اور ایس ایم ایس پر ردِ عمل نہ کریں۔

Vande Mataram

قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال کی تکمیل کے موقع پر لوک سبھا میں مباحث ہوئے۔ یہ قومی گیت بنکم چندر چٹر جی نے 1875ء میں لکھا تھا۔ مباحث بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے ماترم کے منتر نے پورے ملک کو قوت اور تحریک بخشی اور تحریکِ آزادی میں جوش پیدا کردیا۔ مودی نے کہا کہ آج پوتر وندے ماترم کو یاد کرنا ایوان کے سبھی ارکان اور ہموطنوں کیلئے بہت فخر اور شان کی بات ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ وندے ماترم کے 150 سال، عظیم باب اور شان کو پھر سے قائم کرنے کا ایک موقع ہے۔ مودی نے کہا کہ قومی گیت وندے ماترم کی بدولت 1947 میں ملک کو آزادی حاصل ہوئی۔ وزیرِاعظم نے مزید کہا کہ وندے ماترم ایک ایسی قوت ہے، جو لوگوں کو مجاہدین آزادی کے خوابوں کی تکمیل کیلئے کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔

Sound Byte.

وزیر اعظم نے کہا کہ جب وندے ماترم کے 100 سال مکمل ہوئے تو اُس وقت ایمرجنسی نے ملک کو ہلا کر رکھ دیا۔ مودی نے کہا کہ ایک ایسے وقت کہ جب بڑے جوش وخروش کے ساتھ قومی گیت کا جشن منایا جانا چاہئے تھا، بھارتی آئین کا گلا گھونٹ دیا گیا اور جو لوگ حب الوطنی کی خاطر جینے مرنے کیلئے تیار تھے، انہیں سلاخوں کے پیچھے قید کر دیا گیا۔

Ram Mohan

مرکزی وزیر شہری ہوابازی کے رام موہن نے راجیہ سبھا کو بتایا کہ طیاروں کی حفاظت حکومت کیلئے انتہائی اولین ترجیح والا معاملہ ہے اور اس پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے فلائٹ ڈیوٹی ٹائم لمیٹیشن کے رہنمایانہ خطوط سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ بعض طیاروں کی منسوخی کی وجوہات کی صورتحال کی تحقیقات کروائی جائے گی۔

Sound Byte.

رام موہن نائیڈو نے مزید کہا کہ اس مہینہ کی ایک تاریخ کو ایف ڈی ٹی ایل کے رہنمایانہ خطوط سے متعلق وزارت کی جانب سے انڈیگو کے ساتھ اجلاس منعقد کیا گیا اور آپریٹرس سے متعلق ضروری وضاحت دی گئی لیکن اس وقت ملازمین کی فہرست انڈیگو نے پیش نہیں کی۔

Telangana Rising

تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کیلئے 4650 ملازمین پولیس کی صیانتی انتظامات کیلئے خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ اس سلسلہ میں ڈائرکٹر جنرل پولیس بی شیودھر ریڈی نے کل رات ایک بیان جاری کیا۔ انہوں نے کہا کہ سمٹ کے مقام پر آج اور کل صرف مندوبین کو ہی داخلہ کی اجازت ہوگی جبکہ 10 تاریخ سے 13 تاریخ تک عام شہریوں کو یہاں جانے کی اجازت حاصل ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ سمٹ کے مقام، قریبی علاقوں اور راستوں پر 18 سیکٹرس میں موثر صیانتی انتظامات کئے گئے ہیں۔ اسی طرح گرے ہانڈس، آکٹوپس کی بھی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ رات کے وقت میں ریکاڈنگ کی صلاحیت رکھنے والے 115 کیمرے اور پی ٹی زیڈ کیمروں کے علاوہ 10 ڈرونس ٹیمیں بھی تعینات کی گئی ہیں۔

Vivek

ریاستی وزیر ویویک ونکٹ سوامی نے کہا ہے کہ چنور حلقہ کو مثالی بنانے 200 کروڑ کی لاگت سے اسے ترقی دی جارہی ہے۔ انہوں نے منچر یال ضلع کے چنور کیمپ آفس میں کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام قصبوں اور دیہاتوں میں سی سی روڈ اور ڈرینج کی تعمیر کا کام مکمل کیا جائے گا۔

Sound Byte.

Festival

چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی حکمرانی تقاریب کے پیش نظر تمام ضلع کلکٹریٹس میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کی صبح دس بجے مجسمہ کی نقاب کشائی کیلئے درکار انتظامات فوری کیئے جائیں۔

Panchayat

ریاست میں گرام پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے پرچہ نامزدگیوں کا عمل مکمل ہوا۔ اس مہینہ کی 14 تاریخ کو ہونے والے انتخابات میں سرپنچ اور وارڈ ممبرس کے عہدوں کیلئے جملہ 91 ہزار 286 امیدوار میدان میں ہیں۔ 4 ہزار 332 پنچایتوں میں انتخابات ہونے والے تھے ان میں سے 415 مواضعات میں بلا مقابلہ سرپنچوں کا انتخاب عمل میں آیا۔ اسی طرح سرپنچ کے عہدہ کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے والے سات ہزار 584 امیدواروں نے دستبرداری اختیار کی جبکہ پانچ پنچایتوں نے پرچہ نامزدگی داخل نہیں کیا۔ بقیہ 3 ہزار 912 مواضعات میں سرپنچ کے عہدوں کیلئے جملہ 13 ہزار 128 امیدوار میدان میں ہیں۔

Messi

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ عالمی شہرت یافتہ فٹبال کھلاڑی لیونیل میسی کے حیدرآباد دورہ کے موقع پر سخت ترین سیکورٹی انتظامات کئے جائیں گے۔اس مہینہ کی 13 تاریخ کو حیدرآباد کے اوپل اسٹیڈیم میں چیف منسٹر 11 ،میسی 11 ٹیموں کے درمیان دوستانہ مقابلہ ہونے والا ہے۔انہوں نے بتایا کہ میسی ٹیم کی شہرآمد سے لے کر وطن واپسی تک سخت سیکورٹی انتظامات رہیں گے۔اس سلسلہ میں انہوں نے اپل میں واقع راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کئے جانے والے انتظامات کا ریاستی وزیر سریدھر بابو اور مختلف محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ جائزہ لیا۔

Indigo

انڈیگو بحران جاری ہے۔مسلسل ساتویں دن طیارے منسوخ ہوئے۔آج شمس آباد ایرپورٹ سے 112 پروازوں کو منسوخ کیا گیا جن میں حیدرآباد آنے والے 58 اور یہاں سے پرواز کرنے والے 54 طیارے شامل ہیں۔طیاروں کی منسوخی سے مسافرین کو مشکلات کا سامنا ہے۔دوسری جانب وشاکھاپٹنم سے انڈیگو کی سات پروازیں منسوخ کی گئی جن میں حیدرآباد، بنگلور، چینائی، دہلی جانے والی پروازیں شامل ہیں۔اسی طرح احمدآباد سے آنے والی 18 پروازیں بھی منسوخ کی گئیں۔

Bom

شمس آباد انٹرنیشنل ایرپورٹ آنے والے تین طیاروں کو بم کی دھمکی موصول ہوئی۔کیرالا کے کنور سے آنے والے انڈیگو ایرلائنس ،فرانک فرٹ۔حیدرآباد لفتھانسا ایرلائنس ،لندن۔حیدرآباد برٹش ایرلائن طیاروں کو بم کی دھمکی موصول ہوئی جس کے ساتھ ہی طیاروں کی لینڈنگ کے بعد بم اسکواڈ کی مدد سے جامع تلاشی لی گئی۔مسافرین کو بحفاظت اتار کر آئیسولیشن منتقل کیا گیا ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، سنگاریڈی، کاماریڈی اضلاع میں آج اور کل سردی کی شدید لہر رہے گی۔ان اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔ریاست میں اگلے دو تین دنوں تک اقل ترین درجہ حرارت میں تین سے چار ڈگری کی کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

Train

مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو کل تروپتی سائی نگر شرڈی کے درمیان ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے متعارف کردہ ویکلی اکسپریس ٹرین کا جھنڈی دکھا کر آغاز کریں گے۔تروپتی ریلوے اسٹیشن میں منعقدہ تقریب میں آندھرا پردیش کے وزیر جناردھن ریڈی کے علاوہ ساؤتھ ریلوے کے جی ایم سنجے کمار شریواستو شریک ہوں گے۔

Telangana Rising Conclave

گورنر جشنو دیو ورما نے آج دوپہر تلنگانہ گلوبل رائزنگ کانفرنس کا حیدرآباد کے قریب فیوچر سٹی میں عظیم شان طریقہ سے آغاز کیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ ویژن وکست بھارت ویژن سے جڑا ہوا ہے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ وکست بھارت کے حصول یعنی سال 2047ء تک ریاست تین ٹریلین ڈالر کی معیشت کے نشانہ کو حاصل کرے گی۔

Sound Byte. Governor

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ اب نہیں رکے گی۔ انہوں نے ترقی کے اس سفر میں شامل ہونے اور سرمایہ کاری میں تعاون کرنے کی عالمی ممالک کے صنعتکاروں سے خواہش کی۔سمٹ کی افتتاحی تقریب میں انہوں نے کلیدی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست اس وقت چین، جاپان، جنوبی کوریا اور سنگاپور جیسے ممالک سے مسابقت کررہی ہے۔

Sound Byte. CM

قبل ازیں مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وکست بھارت کے حصول میں ریاست تلنگانہ اہم رول ادا کررہی ہے۔انہوں نے ریاستوں کی ترقی کیلئے مرکز کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاروں کوراغب کرنے ریاستوں میں مسابقت دیکھی جارہی ہے۔

Sound Byte.

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ، کرناٹک کے ڈپٹی چیف منسٹر ڈی کے شیوکمار، نوبل انعام یافتہ کیلاش ستیارتھی، صنعتکاروں، کرن اڈانی، شوبھنا کامنینی کے علاوہ کئی معزز شخصیات نے اس موقع پر خطاب کیا۔

○○